NSW Health

چائلڈ ڈینٹل بینفیٹس شیڈول

اکثر پوچھے جانے والے سوالات

چائلڈ ڈینٹل بینفیٹس شیڈول سے کیا مراد ہے؟

چائلڈ ڈینٹل بینفیٹس شیڈول(CDBS) ایک ایسا پروگرام ہے جو اہل بچوں اور ٹین ایجرز کو دانتوں کی بنیادی نگہداشت کے لیے دو کیلنڈری سالوں میں Medicare بینیفٹس (امدادی رقوم) کی مد میں $1,095 تک دیتا ہے۔

کیا میرا بچہ CDBS کے لیے اہل ہے؟

بچے اور ٹین ایجرز ان صورتوں میں CDBS کے لیے اہل ہیں کہ:

- ان کی عمر کیلنڈری سال کے کسی بھی ایک دن 0 سے لے کر 17 سال تک ہو
- وہ Medicare کے لیے اہل ہوں
- وہ ایسے خاندان کے فرد ہوں جسے Family Tax Benefit Part A (فیملی ٹیکس بینیفٹ پارٹ A) ملتا ہو یا بچے کو آسٹریلین حکومت کی طرف سے ایسی ادائیگی ملتی ہو جو Department of Human Services (ڈیپارٹمنٹ آف ہیومن سروسز) کے ذریعے دستیاب فہرست میں شامل ہو۔

مجھے پبلک ڈینٹل کلینک میں CDBS استعمال کرنے کے لیے مالی رضامندی کی دستاویز پر دستخط کرنے کے لیے کیوں کہا جائے گا؟

- اس سے پبلک ڈینٹل سروسز کو CDBS کے لیے اہل بچوں کے بینیفٹس Medicare سے لینے کا موقع ملتا ہے
- ان بینیفٹس کو خدمات کو بہتر بنانے اور دانتوں کی نگہداشت کی ضرورت رکھنے والے زیادہ مریضوں کو علاج مہیا کرنے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

اگر میں اپنے بچے کا بینیفٹ کسی پبلک ڈینٹل کلینک میں استعمال کروں تو کیا مجھ سے فیس لی جائے گی؟

نہیں۔ نیو ساؤتھ ویلز میں پبلک ڈینٹل کلینکس آپ کے بچے کو مفت نگہداشت فراہم کریں گے۔ چاہے آپ Medicare کے CDBS بینیفٹ کی حد یعنی $1,095 تک پہنچ جائیں یا چاہے آپ کے بچے کو ایسے علاج کی ضرورت ہو جو CDBS کے تحت نہیں ہوتا، آپ سے ان خدمات کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔

مجھے CDBS کے متعلق مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

نیو ساؤتھ ویلز پبلک ڈینٹل سروسز میں CDBS کے متعلق مزید معلومات کے لیے دیکھیں: health.nsw.gov.au/cdbs

CDBS کے متعلق عمومی معلومات کے لیے Department of Human Services کی ویب سائٹ دیکھیں۔

کیا آپ مزید معلومات لینا چاہتے ہیں؟

ہمارے عملے سے پوچھیں یا **health.nsw.gov.au/cdbs** دیکھیں۔

February 2024 © NSW Health. SHPN (COHS) 220255-19 Urdu